اسٹیٹ لائف

# کمیٹی پالیسی

## کمیٹی پالیسی ۔ بچت بھی، تحفظ بھی

- 3اور 5سال کی قلیل مدتی پالیسی
- عمر کی حد:20 تا50سال
- بچت، منافع اور اسٹیٹ لائف کا تحفظ



Registered and supervised by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.

اسٹیٹ لائف

انشورنس کارپوریشن آف پاکستان

اسٹیٹ لائف کی بیمہ پالیسی ایک تابندہ روایت نسل در نسل

### 1. کمیٹی پالیسی

کمیٹی پالیسی قلیل مدتی بچت اور تحفظ کی ایک منفرد اسکیم ہے جس کے ذریعے بیمہ دار مقررہ مدت مکمل ہونے یا اس سے قبل (خدانخواستہ) موت واقع ہونے کی صورت میں مجموعی رقم حاصل کرے گا۔ یہ پالیسی پاکستانی کرنسی میں ہے اور تمام پریمیم اور کلیم کی ادائیگیاں پاکستانی روپے میں ہونگی۔ یہ پالیسی اسٹیٹ لائف کے ایکچوریئل سرپلس میں شامل نہیں ہوگی۔ پریمیم کی ادائیگی کا طریقہ کار صرف سہ ماہی ہوگا۔

### 2. پلان کس کیلئے موزوں ترین ہے؟

کمیٹی پالیسی ان لوگوں کیلئے نہایت موزوں ہے جو قلیل مدتی بچت کے ساتھ تحفظ کے خواہشمند ہیں۔ پلان سے بلاامتیاز پیشہ / عہدہ تمام افراد فائدہ اٹھا سکتے ہیں، خصوصاً کم آمدن کے مڈل کلاس / ملازمت پیشہ / تنخواہ دار افراد جو اپنے مستقبل کی ضروریات پوری کرنے کیلئے 3اور 5سال کے عرصہ میں خاطر خواہ رقم کی توقع کرتے ہیں۔

### 3. پلان کونسی ضرورتوں کی تکمیل کرتا ہے؟

فنڈز سے قلیل مدت کے ذاتی وخاندانی ضروریات پوری کی جاسکتی ہیں جیسے:

- بچوں کی اعلیٰ تعلیم یا شادی
- کوئی پسندیدہ آئٹم کی خریداری
- گاڑی / موٹر سائیکل کی خریداری
- حج کی ادائیگی

### 4. عمر کی حد اور شرائط

عمر کی کم از کم حد 20سال اور بالائی حد 50سال ہے۔ پالیسی صرف 3اور 5سال کی مدت کیلئے ہی دستیاب ہے۔

### 5. مقررہ مدت سے قبل فوتگی کی صورت میں فوائد

پالیسی کی مقررہ مدت مکمل ہونے سے قبل (خدانخواستہ) موت واقع ہونے کی صورت میں نامزد فرد کو پالیسی کے تحت مقررہ رقم ادا کی جائیگی جو کہ زر بیمہ یا سہ ماہی اکاؤنٹ کی مالیت (جو زائد ہو) کے برابر ہوگی۔

### 6. ضمنی معاہدہ

پالیسی ہولڈر میقاتی بیمہ کا ضمنی معاہدہ یا حادثاتی اموات کا ضمنی معاہدہ منسلک کرکے بیمہ تحفظ میں اضافہ کرسکتے ہیں۔

### میقاتی بیمہ کا ضمنی معاہدہ (TIR) برائے کمیٹی پالیسی

یہ ضمنی معاہدہ کی مدت کے دوران موت کی صورت میں بنیادی پالیسی کے تحت مقررہ کل رقم کے مساوی اضافی رقم کی ادائیگی کرے گا۔ یہ ضمنی معاہدہ بنیادی پالیسی کی تاریخ آغاز سے منسلک کی جائے گی۔ ضمنی معاہدہ کی مدت بنیادی پالیسی کی مدت جتنی ہے۔ کل مقررہ رقم کے فی -/1000 روپے کے سہ ماہی پریمیم ریٹس جدول پر مشتمل ہے۔

**State Life Insurance Corporation of Pakistan**

Term insurance Rider for Committee Policy

Quarterly Premiums for an Assurance of Rs. 1000

**Terms of Assurance** (3 and 5 years)

| Age Nearest Birthday | 3 years | 5 years | Age Nearest Birthday | 3 years | 5 years | Age Nearest Birthday | 3 years | 5 years |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 20 | 0.73 | 0.75 | 32 | 0.99 | 1.03 | 44 | 1.93 | 2.10 |
| 21 | 0.75 | 0.76 | 33 | 1.03 | 1.07 | 45 | 2.10 | 2.29 |
| 22 | 0.76 | 0.78 | 34 | 1.07 | 1.12 | 46 | 2.29 | 2.51 |
| 23 | 0.78 | 0.79 | 35 | 1.12 | 1.17 | 47 | 2.51 | 2.77 |
| 24 | 0.79 | 0.81 | 36 | 1.17 | 1.23 | 48 | 2.76 | 3.06 |
| 25 | 0.81 | 0.83 | 37 | 1.23 | 1.29 | 49 | 3.05 | 3.39 |
| 26 | 0.83 | 0.85 | 38 | 1.29 | 1.37 | 50 | 3.38 | 3.77 |
| 27 | 0.85 | 0.87 | 39 | 1.37 | 1.45 | | | |
| 28 | 0.88 | 0.90 | 40 | 1.45 | 1.55 | | | |
| 29 | 0.90 | 0.93 | 41 | 1.55 | 1.66 | | | |
| 30 | 0.93 | 0.96 | 42 | 1.66 | 1.79 | | | |
| 31 | 0.96 | 0.99 | 43 | 1.79 | 1.94 | | | |

### حادثاتی موت کا ضمنی معاہدہ (ADB) برائے کمیٹی پالیسی

ضمنی معاہدے کی مدت کے دوران حادثاتی موت کی صورت میں بنیادی پالیسی کے تحت مقررہ کل رقم کے مساوی اضافی رقم کی ادائیگی کرے گا۔ یہ ضمنی معاہدہ بنیادی پالیسی کی تاریخ آغاز سے منسلک کی جائے گی۔ ضمنی معاہدہ کی مدت بنیادی پالیسی کی مدت جتنی ہے۔ سہ ماہی پریمیم کی شرح کے 0.34روپے فی -/1000روپے ہوگی۔

### 7. پالیسی کی مدت پوری ہونے پر فوائد

پلان کی مقررہ مدت پوری ہونے پر درج ذیل فوائد حاصل ہوں گے:

| | |
|---|---|
| Item 1 | Account Value(*) at the beginning of the quarter, before receipt of the quarterly premium for the quarter. |
| Item 2 | Basic Quarterly Premium |
| Item 3 | Commission |
| Item 4 | Insurance charges |
| Item 5 | Return for the quarter @ Credited Rate |
| Item 6 | Account Value (*) at the end of the quarter = Item 1 + Item 2 - Item 3 - Item 4 + Item 5 |

کریڈٹ ریٹ، لائف فنڈ پر شرح منافع (Net of Capital Gain) کے مساوی ہوگا جو کہ انتظامی اخراجات اور منافع کے مارجن سے منہا کرنے کے بعد ہوگا۔

میچورٹی ویلیو انشورنس کی مدت ختم ہونے پر اکاؤنٹ ویلیو (*) کے مساوی ہوگا (پالیسی پر واجبات منہا کرنے کے بعد)۔

(*) پالیسی کی اکاؤنٹ مالیت کسی مقررہ مدت میں پالیسی کا مجموعی فنڈ ہے۔ ہر سہ ماہی پر بنیادی پریمیم اور ریٹرن (کل اخراجات کے بعد) اکاؤنٹ مالیت میں جمع کردیئے جاتے ہیں جبکہ کمیشن اور انشورنس چارجز کی کٹوتی کی جاتی ہے۔

### 8. زر بیمہ کی مالیت کی حد

اسکیم کیلئے زر بیمہ کی رقم کی کم سے کم حد -/75000روپے ہے جبکہ بالائی حد کی تفصیل درج ذیل ہے:

| Age at entry (Age nearest birthday) | Maximum Sum Assured Rs. |
|---|---|
| 20 to 40 years | 400,000 |
| 41 to 45 years | 300,000 |
| 46 to 50 years | 150,000 |

### 9. پریمیم کی ادائیگیاں

پریمیم سے مراد وہ مساوی رقم ہے جو سہ ماہی بنیاد پر پیشگی واجب الادا ہے۔ ادائیگی کا فارمولہ یوں ہے:

**Basic Quarterly Premium = Sum Assured ÷ (Term of Assurance x 4)**

**Total installment Premium = Basic Quarterly Premium + Policy Fee+ Rider Premium(s) + Occupational Extra Premium**

اسٹیٹ لائف کو جس تاریخ پر پریمیم موصول ہوگا وہ کسی بھی پریمیم کی ادائیگی تاریخ ہوگی۔

### 10. پالیسی فیس، غیر سالانہ طریقہ پریمیم پر اضافی چارج اور زائد زر بیمہ کی رقم پر رعایت

مبلغ -/25روپے پالیسی فیس فی سہ ماہی لاگو ہے۔ غیر سالانہ طریقہ کار پر اضافی چارج اور زائد زر بیمہ کی رقم پر رعایت لاگو نہیں ہوگا۔

### 11. دستبرداری اور قرض کی مالیت

الف۔ پلان دستبرداری مالیت کا حامل ہے، اس پلان کے تحت جاری شدہ پالیسیاں آغاز سے چھ ماہ بعد نقد رقم (Cash value) حاصل کریں گی بشرطیکہ کوئی سہ ماہی پریمیم واجب الادا نہ ہو۔ اسٹیٹ لائف کی جانب سے دستبرداری مالیت کا حساب لگایا جائے گا اور پالیسی ہولڈر کی طرف سے تحریری درخواست پر معلوم کیا جاسکتا ہے۔

ب۔ دستبرداری مالیت پالیسی کے پہلے دو سالوں میں کسی دستبرداری مالیت کے اخراجات سے مشروط ہوگی۔ دستبرداری مالیت کے اخراجات ایک بنیادی سہ ماہی پریمیم کے برابر ہوگا۔

ج۔ پالیسی پر لون دستیاب نہیں ہیں۔

د۔ اس پلان کے تحت بیک ڈیٹنگ نہیں کی جاسکتی۔

### 12. رعایتی مدت

سہ ماہی پریمیم مقررہ تاریخ کے بعد 31یوم کی رعایتی مدت کے اندر ادا کریں۔

### 13. خودکار عدم ضبطی کی سہولت

خودکار قرض برائے پریمیم کی سہولت میسر نہیں ہوگی۔ خودکار منجمد کی سہولت میسر ہوگی بشرطیکہ پالیسی میں دستبرداری مالیت ہو اور ایک سہ ماہی قسط واجب الادا ہو۔

### 14. منجمد پالیسی (Paid up Policy)

اسٹیٹ لائف بیمہ دار کی تحریری درخواست پر اس پالیسی کو منجمد پالیسی میں تبدیل کردے گا بشرطیکہ پالیسی کی خالص دستبرداری مالیت حاصل کرچکی ہو۔ منجمد پالیسی اس وقت موثر ہوگی جب پالیسی دستبرداری مالیت حاصل کرچکی ہو۔ اور کوئی سہ ماہی پریمیم واجب الادا نہیں ہو۔ پالیسی ایک مرتبہ منجمد ہوجانے کے بعد کوئی پریمیم واجب الادا نہیں ہوگا اور مناسبت سے زر بیمہ میں تخفیف ہوجائے گی۔

### 15. انڈر رائٹنگ ضروریات

پالیسی ہولڈر کو اپنی اچھی صحت کے حوالے سے اقرار نامہ جمع کرانا ہوگا۔

نوٹ: پالیسی کے بارے مزید تفصیلات اور فوائد وشرائط کی تشریح جاننے کیلئے ہمارے نمائندے یا قریبی زونل آفس سے رجوع کریں۔

اسٹیٹ لائف

## کمیٹی پالیسی

بلڈنگ۔9، ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ، کراچی-75530
فون نمبر: 021-99202800-09
ویب سائٹ www.statelife.com.pk